ذی الحج میں ایام بیض کے روزے کیسے رکھے جائیں؟

مجیب: محمدعرفان مدنی عطاری

فتوی نمبر:WAT-1792

تاریخ اجراء: 16ذوالحجۃالحرام1444ھ/5جولائی2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

ذوالحجہ میں ایام بیض کے روزے کیسے رکھے جائیں کیونکہ ایام بیض میں اسلامی مہینے کی 13 تاریخ بھی شامل ہے اور ذو الحجہ کی 13 تاریخ ایام تشریق میں سے ہے اور ایام تشریق میں توروزہ رکھنا منع ہے، توکیاایسی صورت میں اگرصرف 14 اور 15 ذوالحجہ کے روزے رکھ لئے جائیں تو ایام بیض میں روزے رکھنے کی فضیلت مل جائے گی؟

بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بعض احادیث تو ایسی مروی ہیں، جن میں ہر مہینے مطلق طور پر تین دن کے روزے رکھنے کی ترغیب ارشاد فرمائی گئی ہے جبکہ بعض احادیث میں مہینے کی تیرہ، چودہ اور پندرہ تاریخ یعنی ایام بیض میں روزہ رکھنے کا ارشاد فرمایا گیا ہے، اب چونکہ ذوالحجہ کے مہینہ میں تیرہ تاریخ ایام تشریق میں سے ہے اور اُس دن روزہ رکھنے کی ممانعت ہے لہذا اس مہینے میں چودہ، پندرہ اور سولہ تاریخ کو روزہ رکھ لیا جائے کیونکہ اس طرح یہ روزے ایام بیض کے کسی حد تک قریب ہو جائیں گے اور ہر مہینے تین دن روزہ رکھنے والی حدیث پر بھی عمل ہو جائے گا اور اسکی فضیلت بھی مل جائے گی۔

صحیح بخاری شریف کی حدیث مبارکہ ہے:"عن أبي هريرة رضي الله عنه، قال: أوصاني خليلي صلى الله عليه وسلم بثلاث: صيام ثلاثة أيام من كل شهر، وركعتي الضحى، وأن أوتر قبل أن أنام"ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا کہ میرے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے تین باتوں کی وصیّت فرمائی، ہر مہینے میں تین روزے رکھنے اور دو رکعت نماز چاشت پڑھنے کی اور اس بات کی کہ میں سونے سے پہلے وتر ادا کرلوں۔(صحیح بخاری، باب صیام البیض، صفحہ 41، رقم الحدیث 1981، دارطوق النجاۃ)

صحیح مسلم شریف کی حدیث مبارکہ ہے: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ”صوم ثلاثة من كل شهر، ورمضان إلى رمضان، صوم الدهر“ ترجمہ: ہر مہینے تین دن کے روزے اور رمضان دوسرے رمضان تک ایسے ہیں جیسے دہر (ہمیشہ) کا روزہ۔ (صحیح مسلم، باب استحباب ثلاثۃ ایام، صفحہ 819، رقم الحدیث 1162، دار احیاء التراث بیروت)

جامع ترمذی کی حدیث مبارکہ ہے: ”قال رسول اللہ صلى الله عليه وسلم: يا أبا ذر، إذا صمت من الشهر ثلاثة أيام فصم ثلاث عشرة، وأربع عشرة، وخمس عشرة“ ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے ابوذر! جب مہینے میں تین روزے رکھنے ہوں تو تیرہ، چودہ، پندرہ کو رکھو۔ (جامع ترمذی، باب ما جاء فی صوم ثلاثۃ ایام من کل شھر، صفحہ 125، رقم الحدیث: 761، مطبوعہ مصر)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net